مدنی منوں اور مدنیوں کے لیے ایمانیات، عبادات، سیرت، اذکار، دُعاؤں، سُنّتوں اور آداب پر مشتمل مدنی گلدستہ

اسلامیات

برائے نرسری

Darul-Madinah

دعوت اسلامی

اسلامیات

برائے نرسری

نام _____

ولدیت _____

کلاس _____ جی۔آر نمبر _____

اسکول کا نام _____

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

مجلس دار المدینہ (دعوتِ اسلامی) کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر اس اشاعت کے کسی بھی حصّے کی نقل، ترجمہ یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے کی اجازت نہیں۔

پبلشر

دار المدینہ پبلی کیشنز

پہلی اشاعت ۲۰۱۵

ISBN: 978-969-631-470-7

تیاری و پیش کش

شعبۂ نصاب، دار المدینہ

ای میل: curriculum@darulmadinah.net

دار المدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) ان ممالک میں موجود ہے

پاکستان | بھارت | سری لنکا | برطانیہ | ریاست ہائے متحدہ امریکا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب "اسلامیات (نرسری)" مطبوعہ دار المدینہ پبلی کیشنز پر مجلس تفتیشِ کتب و رسائل کی جانب سے نظر ثانی کی کوشش کی گئی ہے۔ مجلس نے اسے عقائد، کفریہ عبارات، اخلاقیات اور فقہی مسائل وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر ملاحظہ کر لیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ مجلس پر نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم — مجلس تفتیشِ کتب و رسائل (دعوتِ اسلامی)

تاریخ: ۱۶ فروری ۲۰۱۵

مجلس تفتیشِ کتب و رسائل (دعوتِ اسلامی)

ہمارا ساتھ دیجیے۔

دار المدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) کا بنیادی مقصد شریعت کے تقاضوں کے مطابق معیاری دینی و دنیوی تعلیم فراہم کرنا ہے۔
تمام اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں سے تعاون کی مدنی التجا ہے۔

Dar-ul-Madinah Educational Support Fund

Title of Account	Darul Madina Educational Support Fund	Branch Code	0891
Account No.	0112-0891-010-1515-9	Swift Code	UNILPKKA
Bank	UBL Ameen	IBAN Code	PK97UNIL0112089101015159
Branch	Main Branch M.A. Jinnah Road, Karachi		

For Sadqaat-e-Nafila

Title of Account	DAWATEISLAMI	Branch Code	0063
Account No.	0388841531000263	Swift Code	MUCBPKKA
Bank	MCB Bank Limited	IBAN Code	PK20MUCB0388841531000263
Branch	Cloth Market Branch, Karachi		

مزید معلومات اور آن لائن عطیات جمع کروانے کے لیے ہماری ویب سائٹس وزٹ کیجیے۔

www.darulmadinah.edu.pk | www.dawateislami.net | donation.dawateislami.net

Dar-ul-Madinah

فہرست مضامین

نمبر شمار	تفصیل	صفحہ
۱	ایمانیات	۱
۲	ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم	۲
۳	نماز کے اذکار	۳
۴	کلمے اور دُرود پاک	۵
۵	دُعائیں	۶
۶	سنتیں اور آداب	۷
۷	اچھی باتیں	۱۰

رہنمائے معلمات

1. اسلامیات کی اس سیریز کا مقصد مدنی منوں اور منیوں میں بتدریج دینی شعور بیدار کرنا اور عملی زندگی میں نفاذ کو یقینی بنانا ہے۔
2. مدنی منوں اور منیوں کی عمر کے لحاظ سے آسان انداز میں تفہیم فرمائیے۔
3. ہر سبق مقاصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے پڑھائیے۔
4. ہر سبق کے تحت رہنمائے معلمات دیے گئے ہیں ان پر لازمی عمل کی ترکیب بنائیے۔
5. مدنی منوں اور منیوں کو ایمانیات و عبادات کے متعلق ضروری باتیں اچھی طرح ذہن نشین کروائیے۔
6. دُعائیں اور اذکار درست تلفظ کے ساتھ یاد کروائیے۔
7. سنتیں اور آداب پڑھانے کے علاوہ عملی زندگی میں نفاذ کے لیے عملی مشق بھی کرواتے رہیے۔
8. دارالمدینہ میں سُنّتوں بھرا ماحول بنانے کے لیے اسکول کے اوقات کے علاوہ بھی دُعائیں، اذکار اور سلام عام کرنے کا ذہن دیجیے۔
9. مدنی منوں اور منیوں کے ساتھ نرمی سے "آپ" اور "جی" کہہ کر بات کیجیے۔

شعبۂ اسلامیات
دارالمدینہ (دعوتِ اسلامی)

DarulMadinah

ایمانیات

مقاصد

اس سبق کے ذریعے طلبہ سیکھ سکیں گے کہ:

۱۔ ہم سب کو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے پیدا کیا ہے۔

۲۔ حضرت سیدنا محمد صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے آخری نبی ہیں۔

سوال: ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

جواب: اللہ عَزَّوَجَلَّ نے۔

سوال: اللہ عَزَّوَجَلَّ کے آخری نبی کون ہیں؟

جواب: حضرت سیدنا محمد صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم۔

سوال: قرآن مجید کس کا کلام ہے؟

جواب: اللہ عَزَّوَجَلَّ کا۔

رہنمائے معلمات:

۱۔ مدنی منوں اور منیوں کو سوال، جواب یاد کروا دیجیے۔

۲۔ وقتاً فوقتاً سُنتے رہیے تاکہ اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں اور پوچھنے پر فوراً بتا سکیں کہ ہمیں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے پیدا کیا ہے اور حضرت سیدنا محمد صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے آخری نبی ہیں۔

۳۔ مدنی منوں اور منیوں کو ایک دوسرے سے سوال کرنے کی عملی مشق کروائیے۔

ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مقاصد

اس سبق کے ذریعے طلبہ جان سکیں گے کہ:

۱۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کہاں پیدا ہوئے۔

۲۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دادا جان کا نام کیا ہے۔

۳۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا روضۂ انور کہاں ہے۔

سوال: ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: مکہ مکرمہ میں۔

سوال: ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا روضۂ انور کہاں ہے؟

جواب: مدینہ منورہ میں۔

سوال: ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دادا جان کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت عبد المطلب رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ۔

رہنمائے معلمات:

۱۔ مدنی منوں اور منیوں کو سوال، جواب یاد کروا دیجیے۔

۲۔ وقتاً فوقتاً سُنتے رہیے تاکہ اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں اور پوچھنے پر فوراً بتا سکیں کہ پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کہاں پیدا ہوئے، آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دادا جان کا نام کیا ہے اور آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا روضۂ انور کہاں ہے۔

۳۔ مدنی منوں اور منیوں کو ایک دوسرے سے سوال کرنے کی عملی مشق کروائیے۔

Dar-ul-Madina

نماز کے اذکار

مقاصد

اس سبق کے ذریعے طلبہ:

۱۔ تَعَوُّذ اور تسمیہ یاد کر سکیں گے۔

۲۔ تسبیحات، تسمیع اور تحمید یاد کر سکیں گے۔

تَعَوُّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝

تسمیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رکوع کی تسبیح

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ ط

تسمیع

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ط

تحمید

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ ط

سجدے کی تسبیح

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى ط

رہنمائے معلمات:

۱۔ مدنی منوں اور منیوں کو تعوذ، تسمیہ، تسبیحات، تسمیع اور تحمید اچھی طرح یاد کروا دیجیے۔

۲۔ مدنی منوں اور منیوں سے مذکورہ دُعائیں سنیں نیز عملی طور پر نماز پڑھوایئے تاکہ انہیں نماز کے قیام، رُکوع اور سجود کی کیفیت کا علم ہو جائے۔

Darul-Madinah

کلمے اور دُرود پاک

مقاصد

اس سبق کے ذریعے طلبہ:

۱۔ پہلے کلمے اور اس کا ترجمہ یاد کر سکیں گے۔

۲۔ دوسرا کلمہ اور مختصر دُرود یاد کر سکیں گے۔

پہلا کلمہ طیب: (طیب معنی پاک)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

ترجمہ: اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، محمد صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے رسول ہیں۔

دوسرا کلمہ شہادت: (شہادت معنی گواہی)

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

دُرود پاک

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

رہنمائے معلمات:

۱۔ مدنی منوں اور منیوں کو پہلے کلمے کی دوہرائی کراتے ہوئے ترجمہ یاد کروا دیجیے نیز دوسرا کلمہ اور مذکورہ درود شریف یاد کرا دیجیے۔

۲۔ مدنی منوں اور منیوں سے مل کر ایک آواز میں کلمے اور دُرود پاک پڑھوایئے تاکہ انہیں اچھی طرح یاد ہو جائیں۔

۳۔ مذکورہ دُعائیں خوبصورت انداز میں لکھ کر اعراب چیک کر کے سافٹ بورڈ پر لگایئے۔

دُعائیں

مقاصد

اس سبق کے ذریعے طلبہ:

۱۔ علم میں اضافے اور کھانے سے پہلے کی دُعا یاد کر سکیں گے۔

۲۔ چھینک اور شکریہ ادا کرنے کی دُعا یاد کر سکیں گے۔

علم میں اضافے کی دُعا

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

کھانے سے پہلے کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ

شکریہ ادا کرنے کی دُعا

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا

چھینک کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

رہنمائے معلمات:

۱۔ مدنی منوں اور منیوں کو مذکورہ دُعائیں یاد کروا دیجیے۔

۲۔ مختلف اوقات میں علم میں اضافے کی دُعا پڑھوایئے۔ اسی طرح کھانے سے پہلے کی دُعا پڑھا کر کھانا شروع کروایئے تاکہ عمل کرنے کی عادت بنے نیز چھینک آنے پر طلبہ کے سامنے دُعا پڑھیے اور انہیں بھی چھینک آنے پر دُعا پڑھنے کا ذہن دیجیے، طلبہ سے کتاب لیں تو شکریہ ادا کرنے کی دُعا پڑھیے نیز طلبہ کو ایک دوسرے کا شکریہ ادا کرنے کا ذہن دیجیے۔

Darul Madinah